سبق: 12

میلہ

گھر کے پاس لگا میلہ
اُس میں آیا چاٹ کا ٹھیلہ
ہم نے جاکر کھائی چاٹ
ایسے تھے میلے کے ٹھاٹ

گھر کے پاس لگا تھا میلہ
اُس میں آیا چھولے والا
ہم نے جا کر کھائے چھولے
من میں نہیں سمائے پھولے

گھر کے پاس لگا تھا میلہ
اس میں ایک کھلونے والا
لائے جا کر چار کھلونے
رنگ برنگے بڑے سلونے

گھر کے پاس لگا تھا میلہ
ہم نے دیکھا من بھر میلہ
گڑیا گُن گُن دونوں ساتھ
چھوٹے نے پکڑا تھا ہاتھ

میلے کے تھے ایسے ٹھاٹ
جھولے، ٹھیلے، سندر ہاٹ

(رمیش تھانوی)

1. پڑھیے اور سمجھیے

لفظ	معنی
چاٹ :	ایک قسم کے کھانے کی چیز
ٹھاٹ :	سجاوٹ، تیاری
سندر :	خوبصورت
ہاٹ :	دیہات میں لگنے والا بازار
سلونے :	دل لبھانے والا

.2 شعر پورا کیجیے

گھر کے پاس لگا تھا میلہ
ہم نے جا کر کھائے چھولے

لائے جا کر چار کھلونے
گڑیا گُن گُن دونوں ساتھ

.3 میلہ جیسی آواز سے ملتے جلتے پانچ الفاظ لکھیے۔

....

....

.4 سوچیے اور بتایئے۔

میلے میں کھانے کی کیا کیا چیزیں تھیں؟

....

میلے کے ٹھاٹ کیسے تھے؟

....